سوال نمبر: 2456   منجانب جناب میاں نثار گُل صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ	
الف	ضلع کرک تحصیل بانڈہ داؤدشاہ میں مردان خیل ڈیم اور غول ڈیم کے ٹینڈر کس سال ہوئے تھے؟ اور آیا یہ دونوں ڈیم پایا تکمیل تک پہنچے ہے کہ نہیں نیز ان کو محکمہ کے حوالے کیا گیا ہے یا نہیں؟	جی ہاں یہ درست ہے کہ ضلع کرک تحصیل بانڈہ داؤدشاہ میں مردان خیل ڈیم اور غول ڈیم کے ٹینڈر مالی سال 2009-10 میں ہوئے تھے۔ اور یہ دونوں ڈیمز اب مکمل ہو چکے ہیں۔ اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ ان ڈیموں کی PC-IVs یعنی (Completion Reports) محکمہ فنانس کو ان کے اعتراضات اور محکمہ P&DD صوبہ خیبر پختونخوا کے Revised Format for PC-IVs کے تحت دوبارہ منظوری کے لئے جمع کئے جا رہے ہیں۔ اور یوں محکمہ فنانس کی منظوری پر محکمہ ہذا کے متعلقہ wing یعنی چیف انجینئر (South) کو بہت جلد حوالے کئے جائینگے۔
ب	محکمہ نے آبپاشی کے نظام کو چلانے کیلئے مذکورہ ڈیمز کے لئے سٹاف بھرتی کیا ہے کہ نہیں، اگر نہیں تو کب تک سٹاف بھرتی کیا جائے گا تفصیل فراہم کی جائے۔	مذکورہ ڈیموں کی PC-IVs کی منظوری پر ان کی آبپاشی کے نظام کو چلانے کیلئے مختلف نوعیت کے سٹاف کی بھرتی جس کی تفصیل PC-IVs میں موجود ہے محکمہ ہذا کی متعلقہ (wing) کرے گا۔